NYC Human Resources Administration Department of Social Services

CHILD SUPPORT SERVICES

ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ
امداد اطفال انفارمیشن سیشن

ہم آپ کو اپنے مفت ورچوئل امداد اطفال ویبینارز پر دیکھنے کے منتظر ہیں۔ ہر سیشن ایک پریزنٹیشن کے ساتھ شروع ہوتا ہے جس کے بعد سوال و جواب کا وقت ہوتا ہے۔

ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration, HRA) کا آفس آف امداد اطفال سروسز (Office of Child Support Services, OCSS) ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ بعض اوقات امداد اطفال کے پیچیدہ پہلوؤں پر روشنی ڈالنے کے لیے ڈیزائن کردہ ویبینارز کی ایک جاری مفت سیریز پیش کرتا ہے۔ ویبینارز شہر کی ایجنسیوں اور کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کے عملہ کے لیے، نیز والدین اور ان پیشہ ور افراد کے لیے بنائے گئے ہیں جو ان والدین کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ ہر سیشن ایک پریزنٹیشن کے ساتھ شروع ہوتا ہے جس کے بعد سوال و جواب کا وقت ہوتا ہے۔

اگر آپ کو کسی بھی سیشن کے لیے رجسٹر کرنے میں دشواری ہو تو، براہ کرم ہمیں فوری طور پر OCSS.TrainingInsitute@dfa.state.ny.us پر ای میل کریں۔

آنے والی پریزینٹیشنز

منگل ، 25 فروری
صبح 10:00 تا 11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

غیر تولیتی والدین (Non-Custodial Parents, NCP) قرض میں تخفیف: پے اِٹ آف (Pay It Off)! – یہ کیسے کام کرتا ہے

پے اِٹ آف پروگرام برائے 2025 پیر 3 مارچ سے جمعہ 14 مارچ تک چلنے والا ہے۔ اس مدت کے دوران، جو NCPs قرض کے ضمن میں $500 یا زائد ادا کرتے ہیں جو محکمہ برائے سماجی خدمات (Department of Social Services) کا مستقل طور پر واجب الادا ہوتا ہے، ان کے قرض کو میچ کیا جائے گا، لہٰذا $500 کی ادائیگی سے $1,000 قرض میں تخفیف ہو جائے گی۔ اس پروگرام اور جن NCPs پر محکمہ برائے سماجی خدمات (Department of Social Services, DSS) کا پیسہ باقی ہے ان کے لیے یہ جو خصوصی موقع پیش کرتا ہے اس بارے میں مزید جانیں۔ پریزنٹیشن کے آخر میں سوال و جواب کا ایک سیشن ہوگا۔

https://bit.ly/4ft8klM **پر رجسٹر کریں۔**

منگل، 4 مارچ
صبح 10:00 تا 11:00 بجے

NCP قرض میں تخفیف: پے اِٹ آف! – سبھی مراحل

پے اِٹ آف پروگرام برائے 2025 پیر 3 مارچ سے جمعہ 14 مارچ تک چلنے والا ہے۔ اس مدت کے دوران، جو NCPs قرض کے ضمن میں $500 یا زائد ادا کرتے ہیں جو محکمہ برائے سماجی خدمات کا مستقل طور پر واجب ہوتا ہے، ان کے قرض کو میچ کیا جائے گا۔ یہ فالو اپ سیشن NCPs اور کمیونٹی پر مبنی تنظیموں (Community-Based Organizations, CBO) کے ان عملہ کے لیے ہے جو مطلوبہ کاغذی کام مکمل کرنے کے لیے تمام لازمی اقدامات کا جائزہ لینا چاہیں گے۔ پریزنٹیشن کے آخر میں سوال و جواب کا ایک سیشن ہوگا۔

https://bit.ly/3Ds5srS **پر رجسٹر کریں۔**

بہترین موزوں برائے: والدین | وکلاء | والدین کی مدد کرنے والی ایجنسیاں اور تنظیمیں

تمام ویبینارز انگریزی اور ہسپانوی زبان میں ہیں۔ سیشن کی تاریخ سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے مترجم کی درخواست کرنے کے لیے ocss.traininginstitute@dfa.state.ny.us پر ای میل کریں۔

آنے والی پریزینٹیشنز

منگل، 11 مارچ
صبح 10:00 تا
11:00 بجے

امداد اطفال: معاہدے اور ثالثی کے اختیارات

یہ سیشن امداد اطفال کے آرڈر کے حصول کے خواہاں تمام غیر تولیتی اور تولیتی والدین کے لیے کھلا ہے – تاکہ ایسے طریقے تلاش کیے جا سکیں جن میں – چاہے نئے آرڈر کے لیے ہوں یا موجودہ آرڈر کو تبدیل کرنے کے لیے ہوں – فیملی کورٹ میں جانے کی ضرورت کو محدود کر کے امداد اطفال کے عمل کو آسان اور تیز تر بنانے کے لیے معاہدے استعمال کیے جا سکیں۔ اس سیشن میں اس بات کا بھی احاطہ کیا جائے گا کہ ثالثی کو کس طرح امداد اطفال کے اس قرض کو حل کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جو تولیتی والدین پر واجب الادا ہے۔

https://bit.ly/3BCCIw4 پر رجسٹر کریں۔

منگل، 25 مارچ
صبح 10:00 تا
11:00 بجے

عدالت کے لیے تیاری کیسے کریں: کیا لے کر آئیں، کس چیز کی توقع کریں

حاضرین امداد اطفال کے آرڈرز کی تیاری اور ان میں ترمیم کے حوالے سے عائلی عدالت کے کردار، اور اس بارے میں بھی جانیں گے کہ عدالت کی تیاری کیسے کی جائے۔ والدین کسی وکیل کے بغیر حاضر ہو سکتے ہیں۔ تیار رہنا اور مناسب دستاویزات ہمراہ لانا بہترین ہوتا ہے۔ یہ سیشن اس بات کی وضاحت کرے گا کہ امداد اطفال کی سماعت کے دوران کیا ہوتا ہے، کون سی دستاویزات کی ضرورت ہوتی ہے، نیز تولیتی اور غیر تولیتی دونوں والدین کے لیے نتیجہ کیا اہمیت رکھتا ہے۔

https://bit.ly/3P4D95k پر رجسٹر کریں۔

منگل، 8 اپریل
صبح 10:00 تا
11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

میں کیسے انجام دوں...؟ امداد اطفال کے کیس کے انتظام سے متعلق معلومات

حاضرین امداد اطفال کے حوالے سے متعدد اہم سرگرمیاں مکمل کرنے کا طریقہ جانیں گے، بشمول یہ کہ عدالت کے لیے کیسے تیاری کی جائے، کیسے ادائیگی کی جائے، امداد اطفال کے آرڈرز میں کیسے ترمیم کی جائے، پرورش کی مدت کا معاہدہ کیسے مکمل کیا جائے، اور امداد اطفال کے مسائل کے سلسلے میں کیسے مدد حاصل کی جائے۔

https://bit.ly/4fYHfHo پر رجسٹر کریں۔

منگل، 29 اپریل
صبح 10:00 تا
11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

امداد اطفال اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹس سے متعلق بنیادی باتیں

امداد اطفال کے کیس کا ایک فائدہ یہ ہے کہ یہ اس بات کا ریکارڈ فراہم کرتا ہے کہ غیر تولیتی والدین نے کیا ادا کیا ہے، کس کو ادائیگی کی ہے، اور کب ادائیگی کی ہے۔ اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹس فریقین اور عدالت کو امداد اطفال کے کیس کے مالی معاملات سے آگاہ کرتے ہیں۔ یہ عدالت کی سماعت کے دوران فراہم کی جاتی ہے جب کوئی آرڈر پہلے سے قائم ہو، اور اس کی بوقت ضرورت درخواست کی جا سکتی ہے۔ یہ ویبینار اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کے اجزاء اور اس کی تشریح کرنے کے طریقے کی وضاحت کرے گا۔

https://bit.ly/4hjkor5 پر رجسٹر کریں۔

بہترین موزوں برائے: والدین وکلاء والدین کی مدد کرنے والی ایجنسیاں اور تنظیمیں

تمام ویبینارز انگریزی اور ہسپانوی زبان میں ہیں۔ سیشن کی تاریخ سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے مترجم کی درخواست کرنے کے لیے ocss.traininginstitute@dfa.state.ny.us پر ای میل کریں۔

آنے والی پریزینٹیشنز

منگل، 6 مئی صبح 10:00 تا 11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

خصوصی ایگزیکٹو سیشن: OCSS لیڈرشپ کے ساتھ سوال و جواب

یہ ایونٹ کمیونٹی میں ہر کسی کے لیے، بشمول امداد اطفال کے آرڈر کے ساتھ یا اس کے بغیر غیر تولیتی اور تولیتی والدین کے لیے کھلا ہے۔ OCSS کے رہنما آپ کی بات کو سننا اور سمجھنا چاہتے ہیں۔ وہ اس بارے میں مختصر پریزینٹیشنز دیں گے کہ NYC کا امداد اطفال (NYC Child Support) کیسے کام کرتا ہے اور پھر امداد اطفال سے متعلق تمام موضوعات پر حاضرین کے سوالات کے جوابات دیں گے۔

https://bit.ly/3DULoyN **پر رجسٹر کریں۔**

منگل، 20 مئی صبح 10:00 تا 11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

امداد اطفال میں نیا کیا ہے

حاضرین ہمارے تازہ ترین اقدامات، ہمارے نئے پروگرام کی پیشکشوں، اور امداد اطفال کو سمجھنے میں آسان بنانے کے لیے ہمارے نقطہ نظر کے بارے میں جانیں گے۔ حاضرین کو NYC امداد اطفال موبائل ایپ (NYC Child Support Mobile App) کے بارے میں بھی معلومات دی جائیں گی جہاں غیر تولیتی والدین امداد اطفال کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، غیر تولیتی والدین آن لائن ادائیگی کر سکتے ہیں، اور دونوں والدین امداد اطفال کے اپنے کیس کے پہلوؤں کا انتظام کر سکتے ہیں۔

https://bit.ly/3DULJl3 **پر رجسٹر کریں۔**

منگل، 17 جون صبح 10:00 تا 11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

امداد اطفال کے ساتھ شروع کرنا: نئے تولیتی والدین کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

یہ ویبینار بچے کے تولیتی والدین کو امداد اطفال کے بارے میں نئی معلومات فراہم کرتا ہے – یہ کیسے کام کرتی ہے، کس طرح درخواست دینی ہے، اور فوائد – بشمول بچوں پر امداد اطفال کے طویل مدتی مثبت اثرات۔ امداد اطفال ایک خاندان کو غربت سے نکالنے میں بڑی تبدیلی لا سکتی ہے، لیکن بہت سے خاندان جو اس پروگرام سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں وہ اس سے فائدہ نہیں اٹھا رہے ہیں۔ سیشن میں اس بات پر بھی غور کیا جائے گا کہ اگر گھریلو تشدد کا خدشہ ہو تو محفوظ طریقے سے امداد اطفال کیسے حاصل کی جائے۔

https://bit.ly/429DX0C **پر رجسٹر کریں۔**

منگل، 24 جون صبح 10:00 تا 11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

امداد اطفال کے بنیادی اصول

یہ ویبینار امداد اطفال کے عمل کا ایک جائزہ فراہم کرتا ہے جس میں امداد اطفال کی قدر، امداد اطفال کے کیس کا عرصہ حیات، اور ایسے پروگراموں کی تفصیل بھی شامل ہیں جو امداد اطفال کا کیس رکھنے والے والدین کو فائدہ پہنچانے کے لیے بنائے گئے ہیں۔

https://bit.ly/42hL2w2 **پر رجسٹر کریں۔**

بہترین موزوں برائے: والدین | وکلاء | والدین کی مدد کرنے والی ایجنسیاں اور تنظیمیں

تمام ویبینارز انگریزی اور ہسپانوی زبان میں ہیں۔ سیشن کی تاریخ سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے مترجم کی درخواست کرنے کے لیے ocss.traininginstitute@dfa.state.ny.us پر ای میل کریں۔

آنے والی پریزینٹیشنز

منگل، 15 جون
صبح 10:00 تا
11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

امداد اطفال کے انتظامی نفاذ کے اقدامات: NCP کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

یہ تربیت انتظامی نفاذ کے اقدامات کو جامع طور پر پیش کرتی ہے جو اس وقت کیے جاتے ہیں جب امداد اطفال کی ادائیگیاں بروقت نہیں کی جاتی ہیں اور بقایا جات جمع ہونے لگتے ہیں۔ شرکاء اس بارے میں جانیں گے کہ نفاذ کی کارروائیاں کب ہوتی ہیں، مستثنیات کیا ہیں، اور انتظامی نفاذ کی کارروائی کو کیسے چیلنج کرنا ہے۔

https://bit.ly/4g162ur پر رجسٹر کریں۔

منگل، 5 اگست
صبح 10:00 تا
11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

بین ریاستی امداد اطفال کے کیسز کا تعارف

امداد اطفال کے زیادہ تر کیسز میں تولیتی اور غیر تولیتی والدین شامل ہوتے ہیں جو ایک ہی دائرہ اختیار میں رہتے ہیں۔ تاہم، ایسے معاملات ہیں جہاں والدین دو مختلف دائرہ اختیار/ریاستوں یا ممالک میں رہتے ہیں اور ان دائرہ اختیار میں امداد اطفال کے پروگراموں کو امداد اطفال کی خدمات فراہم کرنے کے لیے تعاون کرنے اور مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ امداد اطفال وفاقی طور پر لازمی قرار دی گئی ہے، ریاست کی زیر نگرانی ہے، اور نیو یارک اسٹیٹ میں مقامی طور پر بندوبست کیا جاتا ہے۔ اگرچہ غور کرنے کے لیے بہت سے مختلف عوامل ہیں، مگر یہ ویبینار بنیادی باتوں کا احاطہ کرے گا کہ امداد اطفال کی مختلف ایجنسیاں مل کر کس طرح کام کرتی ہیں تاکہ بچوں کو درکار مدد انہیں فراہم کر سکیں، چاہے وہ بچے اور والدین کہیں بھی رہتے ہوں۔

https://bit.ly/4jfoAK5 پر رجسٹر کریں۔

منگل، 19 اگست
صبح 10:00 تا
11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

امداد اطفال اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹس سے متعلق بنیادی باتیں

امداد اطفال کے کیس کا ایک فائدہ یہ ہے کہ یہ اس بات کا ریکارڈ فراہم کرتا ہے کہ غیر تولیتی والدین نے کیا ادا کیا ہے، کس کو ادائیگی کی ہے، اور کب ادائیگی کی ہے۔ اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹس فریقین اور عدالت کو امداد اطفال کے کیس کے مالی معاملات سے آگاہ کرتے ہیں۔ یہ عدالت کی سماعت کے دوران فراہم کی جاتی ہے جب کوئی آرڈر پہلے سے قائم ہو، اور اس کی بوقت ضرورت درخواست کی جا سکتی ہے۔ یہ ویبینار اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کے اجزاء اور اس کی تشریح کرنے کے طریقے کی وضاحت کرے گا۔

https://bit.ly/42hqdRC پر رجسٹر کریں۔

منگل، 9 ستمبر
صبح 10:00 تا
11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

مجھے امداد اطفال کی ادائیگی کیوں نہیں مل رہی ہے؟

یہ ویبینار تولیتی والدین کو جن وجہوں سے امداد اطفال کی ادائیگیاں نہیں مل رہی ہیں اور صورتحال کو حل کرنے کے لیے تولیتی والدین (Custodial Parent, CP) جو اقدام کر سکتے ہیں ان کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ زیادہ امکان اس بات کا ہے کہ CP کو ادائیگیاں اس وجہ سے نہیں مل رہی ہیں کہ غیر تولیتی والدین (NCP) نے ادائیگیاں کرنی بند کر دی ہیں، لیکن دوسری وجہیں بھی ہو سکتی ہیں۔ یہ ویبینار ان عمومی وجہوں کو پیش کرے گا جو عدم ادائیگی کا سبب بنتے ہیں اور ہر صورتحال کو حل کرنے کے لیے حکمت عملیاں پیش کرے گا۔

https://bit.ly/40laTR0 پر رجسٹر کریں۔

بہترین موزوں برائے: والدین وکلاء والدین کی مدد کرنے والی ایجنسیاں اور تنظیمیں

تمام ویبینارز انگریزی اور ہسپانوی زبان میں ہیں۔ سیشن کی تاریخ سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے مترجم کی درخواست کرنے کے لیے ocss.traininginstitute@dfa.state.ny.us پر ای میل کریں۔

آنے والی پریزینٹیشنز

منگل، 16 ستمبر
صبح 10:00 تا
11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

امداد اطفال: NCPs کے لیے قرض میں کمی کے اختیارات

غیر ادا شدہ امداد اطفال کا قرض غیر تولیتی والدین کے ساتھ تولیتی والدین اور ان کے بچوں کے لیے ایک سنگین مسئلہ ہے۔ یہ نفاذ کے اقدامات کی طرف لے جاتا ہے جو ملازمت کو برقرار رکھنے میں مداخلت کر سکتے ہیں، والد کی مصروفیت میں رکاوٹیں پیدا کر سکتے ہیں اور تمام فریقوں کے لیے تناؤ کا باعث بن سکتے ہیں۔ درحقیقت، زیادہ تر قرض NCPs پر واجب الادا ہے جن کی ادائیگی کی بہت کم صلاحیت ہے۔ امریکی محکمہ صحت و انسانی خدمات (U.S. Department of Health and Human Services, HHS) نے سفارش کی ہے کہ بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور نظرانداز کرنے کے واقعات سے بچنے میں مدد کے لیے قرض کو کم کیا جائے۔ شرکاء ان اہم OCSS پروگراموں کے بارے میں جانیں گے جو انتظامی طور پر حکومت پر واجب الادا امداد اطفال کے قرض کو کم کر سکتے ہیں اور ساتھ ہی قرض سے بچنے کی حکمت عملیوں اور تولیتی والدین کے واجب الادا قرض پر گفت و شنید کے اختیار کے بارے میں جانیں گے۔

https://bit.ly/40aqDpW **پر رجسٹر کریں۔**

منگل، 30 ستمبر
صبح 10:00 تا
11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

اسنیپ شاٹ: کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کے لیے ایک ٹول

OCSS نے کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کو امداد اطفال کے کیس کے حوالے سے بنیادی تفصیلات حاصل کرنے سے متعلق بااختیار بنانے کے لیے اسنیپ شاٹ ٹول تخلیق کیا ہے۔ CBOs اور ایڈووکیسی گروپس ایسے بااعتماد مشیر ہیں جو اپنے کلائنٹس کے لیے خدمات تک اہم رابطہ سازی فراہم کر سکتے ہیں۔ اسنیپ شاٹ ایک محفوظ آن لائن ٹول ہے جو کلائنٹس کو اپنے امداد اطفال کیس کے اسنیپ شاٹ تک رسائی حاصل کرنے کے ذریعے گروپس کو اپنے کلائنٹس کی مدد کرنے سے متعلق بااختیار بناتا ہے۔ ایک صفحے پر مشتمل یہ دستاویز ادا شدہ رقوم، پیسے کی واجب الادا مقدار اور قرض دہندہ، اور اس کیس کو نافذ العمل بنانے کی کسی بھی کارروائیوں کی فہرست پر مشتمل ہے۔ اس میں اس مخصوص کیس کی تفصیلات کے جواب میں آئندہ کے لیے مجوزہ اقدامات کی فہرست بھی شامل ہے۔ کلائنٹ کی رازداری کو برقرار رکھنے کی غرض سے، آپ کی تنظیم کو معلومات فراہم کرنے کے لیے OCSS امداد اطفال کی اسنیپ شاٹ کا ایک دستخط شدہ اجازتی فارم درکار ہوتا ہے۔ سائن اپ کرنے کے لیے، OCSSinfo@dfa.state.ny.us پر ای میل کریں جس میں موضوع کی سطر میں "Child Support Snapshot" (امداد اطفال کا اسنیپ شاٹ) درج کیا جائے۔ https://bit.ly/4fWXzYZ **پر رجسٹر کریں۔**

منگل، 7 اکتوبر
صبح 10:00 تا
11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

امداد اطفال: معاہدے اور ثالثی کے اختیارات

یہ سیشن امداد اطفال کے آرڈر کے حصول کے خواہاں تمام غیر تولیتی اور تولیتی والدین کے لیے کھلا ہے – تاکہ ایسے طریقے تلاش کیے جائیں کہ جن میں – چاہے نئے آرڈر کے لیے ہوں یا موجودہ آرڈر کو تبدیل کرنے کے لیے ہوں – فیملی کورٹ میں جانے کی ضرورت کو محدود کر کے امداد اطفال کے عمل کو آسان اور تیز تر بنانے کے لیے معاہدے استعمال کیے جا سکیں۔

اس سیشن میں اس بات کا بھی احاطہ کیا جائے گا کہ ثالثی کو امداد اطفال کے اس قرض کو حل کرنے کے لیے کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے جو تولیتی والدین پر واجب الادا ہے۔

https://bit.ly/3CbsOBO **پر رجسٹر کریں۔**

بہترین موزوں برائے: والدین وکلاء والدین کی مدد کرنے والی ایجنسیاں اور تنظیمیں

تمام ویبینارز انگریزی اور ہسپانوی زبان میں ہیں۔ سیشن کی تاریخ سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے مترجم کی درخواست کرنے کے لیے ocss.traininginstitute@dfa.state.ny.us پر ای میل کریں۔

آنے والی پریزینٹیشنز

منگل، 21 اکتوبر
صبح 10:00 تا 11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

میں کیا کروں اگر...؟

امداد اطفال پیچیدہ ہو سکتا ہے، اور عموماً سالوں تک چلتا ہے۔ اس وقت کے دوان، اکثر ایسے واقعات پیش آتے ہیں جن کے لیے CPs اور NCPs کو تبدیل شدہ حالات کے بارے میں OCSS اور/یا عائلی عدالت کو مطلع کرنے کے اقدامات کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ ویبینار کچھ ایسے انتہائی عمومی حالات کو دریافت کرتا ہے جنہیں OCSS کے کلائنٹس کو حل کرنا پڑ سکتا ہے، جس میں تولیت میں تبدیلی، نوکری چھوٹ جانا، بچے کی حالت میں تبدیلیاں، اور ایک یا زائد مریضوں کی جگہ تبدیل ہو جانا شامل ہیں۔ https://bit.ly/40yh1GZ **پر رجسٹر کریں۔**

منگل، 4 نومبر
صبح 10:00 تا 11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

سابق فوجیوں اور فعال ملٹری کے لیے امداد اطفال کے مسائل

حاضرین سابق فوجیوں اور ان کے خاندانوں کے لیے امداد اطفال کی اہمیت، اور ان وسائل کے بارے میں بھی جانیں گے جو امداد اطفال کے مسائل کے سلسلے میں سابق فوجیوں اور فعال ملٹری کے لیے دستیاب ہیں۔ https://bit.ly/3E08RP6 **پر رجسٹر کریں۔**

منگل، 18 نومبر
صبح 10:00 تا 11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

خصوصی ایگزیکٹو سیشن: OCSS لیڈرشپ کے ساتھ سوال و جواب

یہ ایونٹ کمیونٹی میں ہر کسی کے لیے، بشمول امداد اطفال کے آرڈر کے ساتھ یا اس کے بغیر غیر تولیتی اور تولیتی والدین کے لیے کھلا ہے۔ OCSS کے رہنما آپ کی بات کو سننا اور سمجھنا چاہتے ہیں۔ وہ اس بارے میں مختصر پریزینٹیشنز دیں گے کہ NYC کا امداد اطفال کیسے کام کرتا ہے اور پھر امداد اطفال سے متعلق تمام موضوعات پر حاضرین کے سوالات کے جوابات دیں گے۔ https://bit.ly/42hqT9C **پر رجسٹر کریں۔**

منگل، 2 دسمبر
صبح 10:00 تا 11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

میں کیسے انجام دوں...؟ امداد کے کیس کا نظم کرنے سے متعلق معلومات

حاضرین امداد اطفال کے حوالے سے متعدد اہم سرگرمیاں مکمل کرنے کا طریقہ جانیں گے، بشمول یہ کہ عدالت کے لیے کیسے تیاری کی جائے، کیسے ادائیگی کی جائے، امداد اطفال کے آرڈرز میں کیسے ترمیم کی جائے، پرورش کی مدت کا معاہدہ کیسے مکمل کیا جائے، اور امداد اطفال کے مسائل کے سلسلے میں کیسے مدد حاصل کی جائے۔
https://bit.ly/4fTGxuQ **پر رجسٹر کریں۔**

بہترین موزوں برائے: والدین وکلاء والدین کی مدد کرنے والی ایجنسیاں اور تنظیمیں

تمام ویبینارز انگریزی اور ہسپانوی زبان میں ہیں۔ سیشن کی تاریخ سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے مترجم کی درخواست کرنے کے لیے ocss.traininginstitute@dfa.state.ny.us پر ای میل کریں۔

آنے والی پریزینٹیشنز

منگل، 16 دسمبر
صبح 10:00 تا 11:00 بجے

بہترین موزوں برائے:

نئے والدین کے لیے امداد اطفال کے بنیادی اصول

یہ سیشن تمام والدین - امداد اطفال کے آرڈر والے غیر تولیتی اور تولیتی والدین، نیز ان والدین کے لیے کھلا ہے بھی جو امداد اطفال کے لیے درخواست دینے کو زیر غور لا رہے ہیں۔ شرکاء امداد اطفال کے ان بنیادی اصولوں کے بارے میں جانیں گے: اہلیت، درخواست دینے کا عمل، محفوظ طریقے سے امداد اطفال حاصل کرنے کا طریقہ کار، اور یہ کہ امداد اطفال کیس کی مدت کے دوران کس بات کی توقع کرنی چاہیے۔ https://bit.ly/4fYlsQ4 **پر رجسٹر کریں۔**

بہترین موزوں برائے: والدین وکلاء والدین کی مدد کرنے والی ایجنسیاں اور تنظیمیں

تمام ویبینارز انگریزی اور ہسپانوی زبان میں ہیں۔ سیشن کی تاریخ سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے مترجم کی درخواست کرنے کے لیے ocss.traininginstitute@dfa.state.ny.us پر ای میل کریں۔